آیت اللہ عقیل الغروی

آیت اللہ سید عقیل الغروی صاحب ایک مشہور و معروف عالم دین، فلسفی، مفکر، مصنف، شاعر، ماہر تعلیم، سماجی کارکن، نقاد اور مجتہد ہیں۔

موجودہ دور میں موصوف کو برصغیر کے مشہور اور بزرگ شیعہ علماء میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

موصوف حوزہ علمیہ جامعہ الثقلین، دہلی کے بانی اور پرنسپل تھے اور صفینۃ الھدایہ ٹرسٹ، ہندوستان کے موجودہ چیئرمین ہیں۔

موصوف آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کے نائب صدر اور آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے رکن بھی ہیں۔

موصوف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے طلباء کو سپروائز کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ موصوف امامیہ اسلامک یونیورسٹی، دہلی کے سرپرست اور فورم آف فلاسفرز، ہندوستان کے سکریٹری کے طور پر بھی خدمات انجام دیتے آ رہے ہیں۔

آیت اللہ عقیل الغروی سردست برصغیر کے لیے مجمع تقریب مذاہب کے نمائندے کے طور پر بھی اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔